# اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
کراچی سدرن زون

اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2، ویلیس روڈ
پوسٹ بکس 4599 کراچی 74000
ٹیلیفون : 9217001-19
UAN : 111-555-888
Ext. : 3129
تار کا پتہ : بیمہ زندگی
فیکس : 9217025


محترم / محترمہ : ____________________
____________________
____________________

تاریخ ____________________
حوالہ نمبر ____________________

بابت پالیسی نمبر ____________ بحیات ____________ مرحوم / مرحومہ

ہم اپنے معزز بیمہ دار کی وفات پر نہایت افسوس کا اظہار کرتے ہیں اور خداوند تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے (آمین)۔

درج بالا بیمہ پالیسی کے تحت فوتگی دعویٰ کے تجزیے اور تعین کے لئے ہمیں چند ضروری معلومات درکار ہیں۔ اس ضمن میں ہم درج ذیل فارم منسلک کر رہے ہیں جنہیں دی گئی ہدایات کے مطابق مکمل کریں۔

فارم الف۔ دعویدار کا بیان : یہ فارم ایسا شخص پُر کرسکتا ہے جو متعلقہ بیمہ پالیسی کے تحت فوتگی کلیم کا دعویٰ دار ہو

فارم ب۔ معالج کا سرٹیفیکیٹ : اس فارم کی تکمیل وہ معالج یا ڈاکٹر جس نے مرحوم / مرحومہ کی بیماری کے آخری ایام میں علاج کیا ہو، کرے گا۔

فارم ج۔ سندِ شناخت : یہ فارم ایسا شخص مکمل کرسکتا ہے جو متوفی بیمہ دار کو ذاتی طور پر جانتا ہو اور تدفین میں شریک ہوا ہو اور جس کا اس بیمہ پالیسی سے کوئی ذاتی مفاد نہ ہو اور نہ ہی بیمہ دار اور دعویٰ دار کا رشتہ دار ہو۔

فارم د۔ آجر کی سند : یہ فارم اس ادارے کا مجاز افسر مکمل کرے گا جہاں مرحوم بیمہ دار وفات کے وقت ملازم تھا / تھی۔

مندرجہ بالا فارموں کو ہر لحاظ سے مکمل کر کے اور تصدیق کرانے کے بعد درج ذیل دستاویزات کے ہمراہ روانہ کریں۔

1 ۔ بیمہ پالیسی کی اصل دستاویزات
2 ۔ متعلقہ یونین کونسل کی جانب سے جاری کردہ فوتگی سرٹیفیکیٹ
3 ۔ متوفی بیمہ دار اور دعویدار دونوں کے شناختی کارڈوں کی مصدقہ نقول
4 ۔ اگر متوفی کی عمر پالیسی میں منظور شدہ نہیں ہے تو ان کی عمر کے ثبوت کے طور پر اسکول سرٹیفیکیٹ، پیدائش کا سرٹیفیکیٹ یا ملازمت کے ریکارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپیاں
5 ۔ اگر پالیسی کا نامزد وارث نامزدگی کے وقت نابالغ تھا / تھی اور اب بالغ ہو چکا / چکی ہے تو اس کی عمر کا مصدقہ ثبوت
 ۔ آخری ادا شدہ پریمیم کی رسید
6 اگر بیمہ دار کی موت کسی حادثہ یا قتل کی وجہ سے ہوئی ہے تو درج ذیل اضافی دستاویزات فراہم کریں۔
7 ۔ پولیس رپورٹس۔ (A) ابتدائی (FIR) (B) تحقیقاتی (Investigation)
8 ۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ
9 ۔ اس اخبار کا تراشہ جس میں حادثہ یا قتل کی خبر شائع ہوئی ہو

اگر موت بیرونِ ملک واقع ہوئی ہو تو کلیم فارم، متعلقہ رپورٹس اور دستاویزات جو بیرونِ ملک جاری ہوئی ہیں انہیں متعلقہ ملک میں متعین پاکستانی سفارت خانے سے تصدیق کرائیں۔

اگر تدفین پاکستان میں عمل آئی ہو تو میت کی پاکستان ترسیل اور تدفین سے متعلق دستاویزات فراہم کریں۔

آپ کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ کلیم فارم کے اجراء کا مطلب ہرگز نہیں کہ آپ کا دعویٰ منظور ہوگیا ہے یا یہ کہ اسٹیٹ لائف بیمہ کے معاہدہ کے تحت حاصل شدہ اپنے حق سے دستبردار ہوگئی ہے

اسٹیٹ لائف اپنا یہ حق محفوظ رکھتی ہے کہ ضرورت پیش آنے پر مزید معلومات، شہادتیں، یا دستاویزات طلب کرے۔

اگر آپ کو کلیم فارم یا دیگر دستاویزات کے تکمیل میں دقت پیش آئے یا کوئی اور مشورہ مطلوب ہو تو بلا تکلف ہم سے درج بالا پتہ پر رجوع فرمائیں۔

آپ کا مخلص

شکریہ

منیجر (کلیمز)